**10.01.2025**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں فرقان خان

Music

..........................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے یہ کہتے ہوئے مستفیدین کو سرکاری اسکیموں کی 100 فیصد فراہمی کی ضرورت پر زور دیا کہ صحیح معنیٰ میں یہی سماجی انصاف اور سیکولرزم ہے۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے مختلف شعبوں میں نمایاں کارکردگی کیلئے سرکردہ بھارت نژاد افراد کو پرواسی بھارتیہ سمّان عطا کئے۔

☆ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ حکومت، ایک جامع دفاعی صنعتی ماحولیاتی نظام تشکیل دینے کیلئے یکسر تبدیلی والی پالیسی اصلاحات کر رہی ہے۔

☆ بھارت کی صنعتی پیداوار نومبر میں پچھلے چھ مہینے میں سب سے زیادہ پانچ اعشاریہ دو فیصد درج کی گئی جو اکتوبر کی تین اعشاریہ پانچ فیصد کے مقابلے زیادہ ہے۔

☆ قومی راجدھانی میں اسمبلی کی 70 سیٹوں کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل شروع ہوگیا ہے۔

☆ اور خواتین کرکٹ میں بھارت نے راج کوٹ میں تین ODI میچوں کے پہلے میچ میں آئرلینڈ کو چھ وکٹ سے ہرا دیا۔

..........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *Rev PM Interview*

وزیر اعظم نریندر مودی نے یہ کہتے ہوئے مستفیدین کو سرکاری اسکیموں کی 100 فیصد فراہمی کی ضرورت پر زور دیا کہ یہی صحیح سماجی انصاف اور سیکولرزم ہے۔ ایک سرکردہ کاروباری شخص نکھل کامت کے ساتھ ایک انٹرویو میں وکست بھارت کے اپنے وژن کو اجاگر کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ وہ پانی، بیت الخلا اور بجلی سمیت مشکلات کا حل چاہتے ہیں، جسے 2047 تک حل کیا جانا چاہئے۔

جناب مودی نے کہا کہ انسان ہوتے ہوئے مجھ سے غلطیاں ہوسکتی ہیں لیکن ارادتاً وہ ایسا نہیں کریں گے۔ وزیراعظم نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ ایک اچھا ٹیم پلیئر بننے کیلئے ایک انسان میں عزم اور عہد ہونا چاہئے اور سیاست میں کامیاب ہونے کی خاطر خود کو عوام کیلئے دستیاب رکھنا چاہئے۔

آج کی دنیا میں سوشل میڈیا کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ جمہوریت کا یہ ایک اہم آلہ کار ہے اور اِس سے جمہوریت کو بااختیار بنایا جاسکتا ہے۔ موجودہ عالمی چیلنجوں کے بارے میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ دنیا، بھارت پر بھروسہ کرتی ہے کیونکہ اُس کے موقف میں کوئی دوہرا معیار نہیں ہے۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ موجودہ عالمی بحران میں نئی دلّی نے اِس بات کو دوہرایا ہے کہ وہ امن کے حق میں ہے۔x

## PM Young Leaders Dialogue

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ وکست بھارت Young Leaders Dialogue، بھارت کی یووا شکتی، ان کے خوابوں، ہنر اور امنگوں کو منانے کا جشن ہے۔ سوشل میڈیا پر کھیلوں اور نوجوانون کے امور کے وزیر منسکھ مانڈویہ کی پوسٹ پر ردّ عمل ظاہر کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ حکومت، اِس بات کو یقینی بنانے کے تئیں عہد بستہ ہے کہ بھارت کے زیادہ سے زیادہ فعال نوجوان، ملک کی تعمیر نو کی قیادت کریں۔ x

## New Eve Prez Pravasi Bhartiya Divas

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج 27 بھارت نژاد افراد کو مختلف شعبوں میں ان کی نمایاں کارکردگی کیلئے باوقار پرواسی بھارتیہ سمّان سے نوازا۔ آج سہ پہر بھوبنیشور کے جنتا میدان میں، منعقد 18ویں پرواسی بھارتیہ دِوَس کانکلیو کے اختتامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ بھارت نژاد افراد نے ہمارے ملک کی بہترین طریقے سے نمائندگی کی ہے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ بیرونِ ملک آباد بھارتیوں نے نہ صرف اپنے ملک کو آباد کیا ہے بلکہ اُن اقدار اور علم کو بھی محفوظ رکھا جو صدیوں سے بھارتی تہذیب کی بنیاد ہیں۔ پرواسی بھارتیہ دِوَس کنونشن کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے 2047 تک وکست بھارت کے مشن میں بیرون ملک میں رہ رہے اُن افراد سمیت ہر بھارتی کی سرگرم اور پُرجوش شراکت داری کی ضرورت پر زور دیا۔

S/B 2100 President Cut-2

## Rajnath Aero India

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ آج اس بات پر زور دیا کہ حکومت تکنیکی اشتراک اور خود انحصاریت پر توجہ مرکز کرتے ہوئے ایک جامع دفاعی صنعتی ایکو نظام قائم کرنے کیلئے انقلابی پالیسی اقدامات کر رہی ہے۔ نئی دلّی میں Aero انڈیا 2025 کے موقع پر سفارتکاروں کی گول میز میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر دفاع نے دفاع اور ایئرو اسپیس کے شعبے میں ملک کی پیش رفت پر روشنی ڈالی۔ اس دوران وزیر دفاع نے انتہائی جدید ٹیکنالوجیز کی کامیاب ڈیولپمنٹ کو بھی اجاگر کیا۔ جناب سنگھ نے اِس بات کا بھی ذکر کیا کہ بھارت، اب اُن چنندہ ملکوں کے گروپ میں شامل ہوگیا ہے، جو چوتھی نسل کے لڑاکا طیارے، نیوکلیائی آبدوز، اہم جنگی ٹینک اور بین برّ اعظمی بیلیسٹک میزائل تیار کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں۔

سلامتی کے متحرک عالمی منظر نامے کو تسلیم کرتے ہوئے جناب سنگھ نے امن اور خوشحالی کیلئے اجتماعی کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔

2100- Rajnath Singh

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے مزید کہا کہ ایرو انڈیا 2025 کے انعقاد سے ایرو اسپیس اختراع اور دفاع کے شعبوں میں بھارت کے عالمی لیڈر کے رول کو تقویت ملے گی۔ x

## *ISRO Chairman*

خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم، اسرو کے چیئرمین ڈاکٹر ایس سومناتھ نے کہا ہے کہ space docking کی تاریخ، اب سے کچھ دن بعد طے کی جائے گی۔ آکاشوانی نیوز سے خصوصی انٹرویو کے دوران جناب سومناتھ نے کہا کہ سیارچے محفوظ ہیں اور انہیں داغے جانے کی تاریخ جلد طے کی جائے گی۔ جناب سومناتھ نے بتایا کہ اِس مہینے کے آخر میں داغا جانے والا سیارچہ Navic، اسرو کی جانب سے داغا جانے والا یہ 100 واں سیارچہ ہوگا۔

2100- S Somnath on 100th Satellite Launch

## *UP-Kumbhvani*

اور اب مہا کمبھ سے متعلق خبریں......

2100- Mahakumbh Montage-Open/CLG

اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے، آج اترپردیش کے شہر پریاگ راج میں مہا کمبھ 2025 کیلئے وقف آکاشوانی کے کمبھ وانی چینل کا آغاز کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے اعتماد ظاہر کیا کہ کمبھ وانی نہ صرف اپنی مقبولیت کی اونچائیوں پر پہنچے گا، بلکہ کہ مہا کمبھ کے جذبے کو اُن دور دراز کے گاؤوں تک پہنچائے گا، جہاں لوگ خواہش کے باوجود اِس میلے میں شرکت نہیں کرسکتے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پرسار بھارتی نے کمبھ وانی کے ذریعے مہا کمبھ کے جذبے کو خوبصورت انداز میں پیش کیا ہے۔

یوگی آدتیہ ناتھ نے مزید کہا کہ مہا کمبھ، ذات، عقیدے اور امتیاز سے بالاتر ہے اور اتحاد کا پیغام پھیلاتا ہے۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے کمبھ منگل دُھن کا بھی آغاز کیا۔

4PM- Mangal Dhun

پریاگ راج میں آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے بھجن گلوکار انوپ جلوٹا نے آکاشوانی کی جانب سے کمبھ کیلئے وقف FM ریڈیو چینل 'کمبھ وانی' شروع کرنے پر پرسار بھارتی کی ستائش کی۔

S/B: Anup Jalota

مہا کمبھ 2025 نہ صرف ایک مذہبی، ثقافتی اور روحانی تقریب ہے بلکہ یہ ماحولیات کے تحفظ اور صفائی ستھرائی کا مثالی نمونہ بھی ہے۔

مہا کمبھ، گنگا کی پاکیزگی کو برقرار رکھنے، کوڑے کے پائیدار بندوبست اور پلاسٹک سے پاک زون قائم کرنے

میں حکومت کی کوششوں کی عکاسی کرتا ہے۔

2100- Mahakumbh Montage-Open/CLG

### *IIP November*

شماریات اور پروگرام کے نفاذ کی وزارت کی جانب سے جاری کئے گئے اعداد و شمار کے مطابق بھارت کی صنعتی پیداوار، IIP، نومبر کے مہینے میں بڑھ کر گزشتہ 6 مہینے کی بلند ترین شرح 5 اعشاریہ 2 فیصد ہوگئی ہے۔ بھارت کی صنعتی پیداوار کی شرح اکتوبر کے مہینے میں ساڑھے تین فیصد درج کی گئی تھی۔ اعداد و شمار کے مطابق صنعتی پیداوار کے اشاریے کے تین اہم اجزاء میں بڑھوتری کی بدولت IIP میں یہ اضافہ درج کیا گیا ہے۔ اس کے مطابق نومبر کے مہینے میں مینوفیکچرنگ میں پانچ اشاریہ آٹھ فیصد، بجلی کی پیداوار میں چار اعشاریہ چار فیصد اور کانکنی کی سرگرمیوں میں ایک اعشاریہ 9 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ وہیں IIP شرح نمو میں نومبر 2023 کے مقابلے نومبر 2024 میں استعمال کی بنیاد پر درجہ بندی کے مطابق بنیادی اشیاء میں دو اعشاریہ سات فیصد، Capital اشیاء میں 9 فیصد، انٹر میڈیٹ اشیاء میں 5 فیصد، بنیادی ڈھانچے یا تعمیری اشیاء میں 10 فیصد، صارفین اشیاء میں 13 اعشاریہ ایک فیصد اور غیر صارف اشیاء میں صفر اعشاریہ 6 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ x

### *Government Tax Devolution*

مرکزی حکومت نے آج ریاستی سرکاروں کو کُل ایک لاکھ 73 ہزار 30 کروڑ روپے ٹیکس کی رقم تفویض کی۔ اس کے مقابلے دسمبر 2024 میں کُل 89 ہزار 86 کروڑ روپے کی رقم تفویض کی گئی تھی۔ ایک بیان میں وزارت خزانہ نے کہا کہ اس ماہ ایک بڑی رقم تفویض کی گئی ہے تاکہ ریاستیں سرمایہ سے متعلق اخراجات، ترقیاتی کاموں کیلئے مال فراہم کرنے، ساتھ ہی فلاح و بہبود سے متعلق اخراجات کے عمل میں تیزی لاسکیں۔ اترپردیش کو سب سے زیادہ 31 ہزار کروڑ روپے سے زائد ٹیکس کی رقم تفویض کی گئی ہے۔ اس کے بعد بہار اور مدھیہ پردیش کی ریاستیں ہیں۔ x

### *Delhi Assembly Notification*

دلّی اسمبلی انتخابات اگلے ماہ کی 5 تاریخ کو ہوں گے، جس کیلئے نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا ہے۔ اِس کے ساتھ ہی قومی راجدھانی میں 70 سیٹوں کیلئے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا عمل بھی شروع ہوگیا ہے۔ نامزدگی کے کاغذات اِس مہینے کی 17 تاریخ تک داخل کئے جاسکتے ہیں۔ نامزدگی پرچے واپس لینے کی آخری تاریخ 20 جنوری ہے۔ ووٹوں کی گنتی 8 فروری کو کی جائے گی۔ انتخابات میں عام آدمی پارٹی، BJP اور کانگریس کے درمیان سہ رخی مقابلہ ہونے کا امکان ہے۔x

### *BJP CEC Meeting*

دلّی اسمبلی انتخابات کیلئے پارٹی امیدواروں کے ناموں کو حتمی شکل دینے کیلئے BJP کی مرکزی چناؤ کی میٹنگ

نئ دلّی میں جاری ہے۔ یہ میٹنگ، جو پارٹی ہیڈکوارٹرس میں جاری ہے، BJP صدر جے پی نڈّا، وزیر اعظم نریندر مودی، مرکزی وزراء امت شاہ اور راج ناتھ سنگھ اور ساتھ ہی ساتھ دلّی BJP کے رہنما شرکت کر رہے ہیں۔ BJP نے 70 رُکنی دلّی اسمبلی کیلئے اب تک 29 امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔x

### J&k Portal

جموں وکشمیر میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج جموں کے سول سکریٹریٹ میں جموں وکشمیر کا رائٹ ٹو انفارمیشن (RTI) آن لائن پورٹل کا آغاز کیا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ پہل RTI ایکٹ کے تحت سرکاری معلومات تک باآسانی رسائی فراہم کرے گی۔ تیز تر، زیادہ شفافیت اور کم خرچ میکنزم کے ساتھ شہریوں کو بااختیار بنائے گی۔ انھوں نے متعلقہ حکام سے زور دے کر کہا کہ وہ اِس پہل کی بڑے پیمانے پر تشہیر کو یقینی بنائیں تاکہ پورے جموں وکشمیر کے شہریوں کو اِس کے فائدوں سے واقفیت حاصل ہو۔x

### Chhatisgarh Maoists

چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلع میں 13 ماؤنوازوں نے خودسپردگی کی ہے۔ اِن ماؤنوازوں نے پولیس اور CRPF کے سینئر افسران کے سامنے ہتھیار ڈالے۔ اِن ماؤنوازوں پر کُل 13 لاکھ روپئے کے انعام کا اعلان کیا گیا تھا۔ اِن میں سے دو ماؤنوازوں پر پانچ-پانچ لاکھ روپئے، جبکہ دیگر تین ماؤنوازوں پر ایک-ایک لاکھ روپئے کے انعام کا اعلان کیا گیا تھا۔ یہ ماؤنواز مختلف واقعات میں ملوث تھے۔ پولیس کے سپرنٹنڈنٹ نے بتایا کہ ہتھیار ڈالنے والے ماؤنوازوں کو چھتیس گڑھ حکومت کی بازآباد کاری سے متعلق پالیسی کے تحت ہر ایک کو 25 ہزار روپئے کی رقم فراہم کی گئی ہے۔x

### Shivraj Visit

زراعت اور دیہی ترقی کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے چھتیس گڑھ کے اپنے دورے کے دوران، آج دُرگ ضلعے میں Mor Makan Mor Adhikar پروگرام اور کسان میلے میں شرکت کی۔ مرکزی وزیر نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت نے عوام کے مفاد کی خاطر پردھان منتری آواس یوجنا کیلئے اہلیت کے معیارات کے تحت تین اہم تبدیلیاں متعارف کی ہیں۔

S/B 2100 Shivraj Singh Chauhan

### IMD Weather

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، اترپردیش، راجستھان اور مدھیہ پردیش کے زیادہ تر حصوں میں رات اور صبح کے وقت میں گھنے کہرے کی پیشگوئی کی ہے۔ ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، سکم، بہار، اڈیشہ اور شمال مشرق میں اگلے دو روز کے دوران اِسی طرح کے موسم کے حالات رہیں گے۔ تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائیکل میں

اِس ختم ہفتہ گرج چمک کے ساتھ شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ راجستھان، اتراکھنڈ، اترپردیش اور مدھیہ پردیش میں بھی اِسی طرح کا موسم رہے گا۔ Kafiyat ایکسپریس، سمپورن کرانتی ایکسپریس اور امرت بھارت ایکسپریس سمیت تقریباً 40 ٹرینیں گھنے کہرے کی وجہ سے دلّی اور متصل علاقوں میں تاخیر سے چل رہی ہیں۔ آج اندرا گاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈّے پر بہت پروازوں میں بھی تاخیر ہوئی۔x

## Eve Women Cricket First ODI

بھارت اور آئرلینڈ کے مابین جاری خواتین کی تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز کے افتتاحی مقابلہ میں آج بھارت نے آئرلینڈ کے خلاف 6 وکٹ سے جیت حاصل کی۔ یہ مقابلہ، راجکوٹ کے سوراشٹر کرکٹ ایسوسی ایشن اسٹیڈیم میں کھیلا گیا۔ جیت کیلئے 239 رن کے نشانے کو بھارت نے 34 اوورس اور تین گیندوں میں حاصل کرلیا۔ بھارت کیلئے Pratika Rawal اور Tejal Hasabanis نے زبردست بلے بازی کا مظاہرہ کیا۔ Rawal نے 89 رن بنائے جبکہ Hasabanis نے 53 رن بنائے اور وہ آخر تک آؤٹ نہیں ہوئیں۔ اس سے قبل مہمان ٹیم نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے 50 اوورس میں 7 وکٹ پر 238 رن بنائے تھے۔ اس سیریز کا دوسرا میچ اتوار کے روز اسی مقام پر کھیلا جائے گا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆